# پالش والی لکڑی ناپاک ہوجائے، تو کیسے پاک ہوگی؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر لکڑی کی چوکی کا کوئی حصہ پتلی نجاست غلیظہ سے ناپاک ہو کر خشک ہوجائے اور وہ نظر بھی نہ آئے تو اسے کس طرح پاک کیا جائے جبکہ چوکی کے پالش والے حصہ کے ساتھ ساتھ مسام والا حصہ بھی نجس ہوا ہو؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

لکڑی کا پالش والا حصہ جس کے مسام نہیں ہوتے وہ تو پونچھنے سے ہی پاک ہوجائے گا اور وہ حصہ جس پر پالش نہیں ہوئی اسے تین مرتبہ دھوئیں اور ہر مرتبہ اتنی دیر چھوڑ دیں کہ پانی ٹپکنا بند ہوجائے تو وہ چوکی پاک ہوجائے گی۔

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”آئینہ اور شیشے کی تمام چیزیں اور چینی کے برتن یا مٹی کے روغنی برتن یا پالش کی ہوئی لکڑی غرض وہ تمام چیزیں جن میں مسام نہ ہوں کپڑے یا پتے سے اس قدر پونچھ لی جائیں کہ اثر بالکل جاتا رہے، پاک ہوجاتی ہیں۔“ (بہارِ شریعت، جلد 1، صفحہ 400، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2268

**تاریخ اجراء:** 24 شوال المکرم 1446ھ/23 اپریل 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net